Tarjuma Tul Quran Majeed - FSc Part 2 Tarjmatul Quran Chapter 16 Short Questions Test

Q1. سورۃ الانفال کب اور کہاں نازل ہوئی.

Ans 1: سورۃ الانفال دو ہجری کے لگ بھگ مدینہ منورہ میں غزوہ بدر کے بعد نازل ہوئی.

Q2. سورۃ ال عمران میں کن لوگوں کو عقل مند قرار دیا گیا ہے.

Ans 1: سورۃ ال عمران میں عقل مند وہ ہیں جو ہر حال میں اللہ تعالی کو یاد رکھتے ہیں- کائنات پر غور و فکر کرتے ہیں اور تسلیم کرتے ہیں کہ یہ سب کچھ بے کار پیدا نہیں کیا گیا- پھر اس نتیجہ پر پہنچتے ہیں کہ ہماری تخلیق بھی بے کار نہیں ہے.

Q3. سورۃ الانفال کے مضامین کے دو نکات تحریر کریں

Ans 1: 1- ذکر الہی، اطاعت حق ، غزوہ بدر میں فرشتوں کے نزول کے زریعے اللہ تعالی کی غیبی مدد کا تزکرہ کیا گیا ہے- 2- سورت کے آغاز میں مسلمانوں کو تقویٰ اور اللہ تعالی پر توکل کی تعلیم دی گئی ہے.

Q4. سورۃ التوبہ میں کل کتنی آیات ہیں

Ans 1: سورۃ التوبہ میں کل ایک سو انتیس آیات ہیں

Q5. غزوہ بدر کا کیا نتیجہ نکلا؟

Ans 1: بدر کے مقام پر دونوں لشکروں کا مقابلہ ہوا- مسلمانوں کی تعداداور سازوسامان دشمنوں کے مقابلےمیں بہت کم تھا لیکن اللہ تعالی کے فضل و کرم سے مسلمانوں کو شاندار فتح حاصل ہوئی- ابوجہل سمیت قریش کے ستر سردار مارے گئے ، ستر افراد گرفتار ہوئے اور باقی لوگ میدان جنگ سے بھاگ کھڑے ہوئے.

Q6. سورۃ التوبہ کون سی سورت ہے.

Ans 1: سورۃ التوبہ مدنی سورت ہے.

Q7. سورۃ التوبہ کے دو نام تحریر کریں-

Ans 1: مفکرین نے اس سورت کے مختلف نام زکر کیے ہیں لیکن زیادہ مشہور نام ہیں- سورۃ التوبہ اور سورۃ البراءۃ ہے.

Q8. سورۃ ال عمران میں کن دو غزوات کا زکر آیا ہے.

Ans 1: سورۃ آل عمران میں ہمیں غزوہ بدر اور غزوہ احد کا زکر ملتا ہے

Q9. اللہ تعالی کن لوگوں کی گمراہی کا فیصلہ کرتا ہے.

Ans 1: اللہ تعالی ان لوگوں کو گمراہ کرتا لے جو اللہ تعالی کے عہد کو توڑتے، قطع رحمی کرتے زمین پر فساد مچاتے ہیں-

---

Q10. سورۃ الانفال کی روشنی میں سچے ایمان والے کون ہیں؟

Ans 1: سچے ایمان والے وہ ہیں جو اللہ تعالی کی راہ میں ہجرت اور اس کی راہ مین جہاد کرتے ہیں- وہ آپس میں خیر خواہی اور ضرورت کے وقت ایک دوسے کی مدد کرتے ہیں-

---